PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیش گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹا سیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیش گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جارہا ہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیش گوئیوں کے لیے اپنایا گیا ہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال


متوقع بارش (اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (اگست ۲۰۲۶)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۶)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۶)




پاکستان میں اگست سے اکتوبر 2026 کے دوران معمول سے کم بارشوں کا امکان ہے۔ بالائی پنجاب (خصوصاً شمال مشرقی و وسطی پنجاب) اور سندھ کے کچھ جنوبی حصوں میں بارشوں میں سب سے زیادہ کمی کی توقع ہے۔ جبکہ گلگت بلتستان، شمالی خیبر پختونخواہ اور آزاد جموں و کشمیر میں معمول سے قدرے زیادہ بارشیں ہو سکتی ہیں۔

**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
# National Agromet Center
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (بارش)


- اگست ۲۰۲۶ کے دوران بارشیں معمول سے کم رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران شمال مشرقی و وسطی پنجاب، خیبر پختونخواہ اور آزاد کشمیر کے ملحقہ علاقوں اور جنوب مشرقی سندھ میں بارشوں میں واضح کمی ہو سکتی ہے۔ جبکہ گلگت بلتستان میں بارشیں معمول کے مطابق رہنے کی توقع ہے۔
- ستمبر ۲۰۲۶ میں بارشوں کی کمی کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ تاہم اس کی شدت میں تھوڑی کمی آنے کا امکان ہے۔ تاہم بارش کی سب سے زیادہ کمی انہی علاقوں میں رہے گی جہاں اگست میں تھی۔ جبکہ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے شمالی علاقوں میں معمول کے مطابق بارشیں متوقع ہیں۔
- اکتوبر ۲۰۲۶ میں پاکستان کے بالائی حصوں بلخصوص خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور بالائی پنجاب میں معمول سے زیادہ بارشوں کا امکان ہے۔ جبکہ سندھ، جنوبی پنجاب اور بلوچستان کے جنوبی ساحلی علاقوں میں معمول کے مطابق یا اس سے قدرے کم بارشیں متوقع ہیں۔

## کم سے کم (رات کے اوقات میں) درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال


متوقع درجہ حرارت (اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اگست ۲۰۲۶)



متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۶)



متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۶)



اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶ کے دوران ملک بھر میں کم سے کم (رات کے وقت) درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا رجحان متوقع ہے۔ درجہ حرارت میں سب سے زیادہ اضافہ گلگت بلتستان اور بلوچستان کے مغربی علاقوں میں متوقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات(درجہ حرارت)


- اگست ۲۰۲۶ میں ملک کے بیشتر حصوں میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ درجہ حرارت میں سب سے زیادہ اضافہ گلگت بلتستان، بالائی پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے ملحقہ علاقوں میں متوقع ہے۔
- ستمبر ۲۰۲۶ میں ملک بھر میں خاص طور پر گلگت بلتستان، بلوچستان کے مغربی حصوں، بالائی پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے ملحقہ علاقوں میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا رجحان جاری رہنے کا امکان ہے، جس کی شدت اگست کے مقابلے میں قدرے زیادہ ہو گی ہے۔
- اکتوبر ۲۰۲۶ میں ملک بھر میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا سلسلہ مزید شدت کے ساتھ برقرار رہنے کی توقع ہے۔

## زیادہ سے زیادہ(دن کے اوقات میں)درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال


متوقع درجہ حرارت(اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق(اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق(اگست ۲۰۲۶)



متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق(ستمبر ۲۰۲۶)



متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق(اکتوبر ۲۰۲۶)



اگست سے اکتوبر ۲۰۲۶ کے دوران ملک بھر میں دن کے درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے بالخصوص گلگت بلتستان اور مغربی بلوچستان میں گرمی کی شدت زیادہ رہے گی۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (درجہ حرارت)

- اگست ۲۰۲۶ میں ملک کے بیشتر علاقوں خصوصاً گلگت بلتستان، بلوچستان کے کچھ حصوں، بالائی پنجاب اور اس سے ملحقہ خیبر پختونخواہ اور آزاد جموں و کشمیر کے علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔
- ستمبر ۲۰۲۶ کے دوران دن کے درجہ حرارت ملک بھر میں خاص طور پر مغربی بلوچستان، پنجاب اور گلگت بلتستان میں معمول سے زیادہ رہنے کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔
- اکتوبر ۲۰۲۶ میں گلگت بلتستان، مغربی بلوچستان اور جنوب مشرقی سندھ میں دن کے درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ جبکہ شمالی پنجاب اور اس سے ملحقہ خیبر پختونخواہ اور آزاد جموں وکشمیر کے علاقوں میں درجہ حرارت معمول کے قریب رہنے کا امکان ہے

## اہم زرعی علاقوں کی متوقع موسمی صوتحال

### پوٹھوہار




**خطہ پوٹھوہار** میں اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶ کے دوران (بالخصوص پہلے ماہ میں) خاطر خواہ بارشوں کی توقع ہے۔ اس دوران زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## وسطی پنجاب





**وسطی پنجاب** میں بالخصوص اگست میں مناسب بارشوں کی توقع ہے۔ تاہم زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی کی توقع ہے۔

## جنوبی پنجاب





**جنوبی پنجاب** میں آئندہ تین ماہ کے دوران نسبتاً کم بارش متوقع ہے۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق کمی متوقع ہے۔

## بالائی سندھ





**بالائی سندھ** میں آئندہ تین ماہ(اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶) کے دوران کم بارشیں متوقع ہیں۔زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی کا امکان ہے۔


## زیریں سندھ




**زیریں سندھ** میں اگست سے اکتوبر کے دوران کم بارشوں کی توقع ہے۔ اس دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں اضافہ کا امکان ہے جبکہ کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی متوقع ہے۔




**بالائی خیبر پختونخواہ** میں آئندہ تین ماہ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اس دوران زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی کا امکان ہے۔





**زیریں خیبر پختونخواہ** میں اگست سے اکتوبر کے دوران مناسب بارشوں کا امکان ہے۔زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی متوقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## شمال مشرقی بلوچستان




**شمال مشرقی بلوچستان** میں اگست کے دوران مناسب بارشیں متوقع ہیں۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی متوقع ہے۔


## وسطی بلوچستان




**وسطی بلوچستان** میں اگست کے دوران مناسب بارشیں متوقع ہیں۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی کا امکان ہے۔

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## گلگت بلتستان




**گلگت بلتستان** میں اگلے تین ماہ(اگست تا اکتوبر) کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔ تاہم زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی کا امکان ہے۔

## آزاد کشمیر




**وادیءکشمیر** میں آئندہ تین ماہ کے دوران اچھی بارشوں کی توقع ہے۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی کا امکان ہے۔

## حالیہ موسم اور اگلے تین ماہ کی پیشگوئی کی بنیاد پر کسانوں کے لیے اہم سفارشات

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

**اگست تا اکتوبر ۲۰۲۶** کے دوران ملک کے بیشتر حصوں، بالخصوص پنجاب اور سندھ میں معمول سے کم بارشوں کا امکان ہے، جبکہ ملک بھر میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہے گا۔ اس صورتحال کی وجہ سے فصلوں کے لیے پانی کی ضرورت بڑھے گی اور ان کی نشوونما بھی متاثر ہوسکتی ہے۔ اس دوران کیڑوں اور بیماریوں کے حملوں میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اِس سلسلے میں کسان حضرات پانی کا بہترین استعمال کریں، فصلوں کو گرمی سے بچائیں اور بیماریوں کے خلاف بروقت اقدامات کریں۔

**پنجاب** کے بیشتر علاقوں میں کپاس کی فصل بڑھوتری کے اہم مراحل یعنی پھول آنے اور ٹینڈے بننے کے مراحل میں ہے، جس کے باعث فصل گرمی اور نمی کی کمی سے متاثر ہوسکتی ہے۔ تاہم، مون سون کے دوران کیڑوں اور بیماریوں کے پھیلنے کا شدید خطرہ ہے۔ پوٹھوہار اور پنجاب کے دیگر حصوں میں حالیہ بارشوں کے بعد کسان کھیتوں کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کریں اور جڑی بوٹیوں کو فوری تلف کریں۔ جڑی بوٹیوں کا بروقت خاتمہ فصل کو مٹی کی غذائیت اور نمی کا پورا فائدہ پہنچائے گا۔ کسان کیڑوں اور بیماریوں سے بچاؤ کے لیے مناسب ادویات کا بروقت انتظام کریں۔ متوقع بارشوں کے پیشِ نظر، کھیتوں کو ہموار اور پانی کے نکلنے کے راستے صاف رکھیں تاکہ کھیتوں میں پانی کھڑا نہ ہو اور پودوں کی جڑوں کو ہوا ملتی رہے۔ تل کی کاشت کو صرف بہترین نکاسی والی میرا زمین تک محدود رکھیں، کیونکہ اچانک پانی کھڑا ہونے سے فصل تیزی سے تباہ ہو جاتی ہے۔

**سندھ** میں، جہاں کپاس اہم مرحلے پر ہے، کسان کھیتوں سے اضافی بارش کا پانی فوری نکالیں۔ شدید گرمی اور حبس کی وجہ سے بیماریوں اور رس چوسنے والے کیڑوں (مثلاً تھرپس اور سفید مکھی) کے حملے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، اس لیے کھیتوں کا مسلسل معائنہ ضروری ہے۔ اگر بارش کی وجہ سے ادویات کا سپرے دھل جائے تو دوبارہ سپرے کریں، کھیتوں کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھیں اور کھاد یا کیمیائی ادویات کے استعمال سے پہلے مقامی محکمہ زراعت سے مشورہ کریں۔ اس کے علاوہ، بڑھتے ہوئے درجہ حرارت میں فصل کو گرمی کے اثرات سے بچانے کے لیے کم وقفے کے ساتھ پانی دیں۔

**خیبر پختونخواہ** میں متوقع بارشوں کے ساتھ ساتھ گرم اور مرطوب (حبس والے) موسم کی وجہ سے کیڑوں اور فنگس (بیماریوں) کے تیزی سے پھیلنے کا امکان ہے۔ کسان کھیتوں کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور مکئی کی فصل کو جھلساؤ اور پتوں کی بیماریوں سے بچانے کے لیے پیشگی تدابیر اختیار کریں۔ اگرچہ یہاں جنوبی علاقوں کی طرح پانی کی شدید کمی نہیں ہے، پھر بھی مقامی بارشوں کے پیشِ نظر نشیبی کھیتوں میں پانی کھڑا ہونے سے روکنے کے لیے نکاسیِ آب کے نالوں کی صفائی ضروری ہے۔

**بلوچستان** کے بیشتر اضلاع میں پانی کی کمی سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ کاشتکار حضرات پانی کے ضیاع اور بخارات کو کم کرنے کے لیے ڈرپ اریگیشن (قطرہ قطرہ آبپاشی) کا استعمال کریں یا شام کے وقت پودوں کو پانی دیں۔ خریف کی کسی بھی فصل کے لیے، گرم حالات میں پودے کی ابتدائی نشوونما کو یقینی بنانے کے لیے ابتدائی مراحل کی آبپاشی انتہائی اہم ہے۔

**گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر** میں، زیادہ بارشوں اور گلگت بلتستان میں گرمی کی شدت کے باعث گلیشیئرز کے تیزی سے پگھلنے اور سیلاب کا شدید خطرہ ہے۔ کسان ندی نالوں کے قریب نرسریاں قائم کرنے سے گریز کریں اور ڈھلوان زمینوں پر مٹی کے کٹاؤ کو روکنے کے اقدامات کریں۔ باغات میں رات کا درجہ حرارت زیادہ رہنے سے پھل تیزی سے پکیں گے، اس لیے پھلوں کو خراب ہونے سے بچانے اور ان کی ساخت مضبوط رکھنے کے لیے بروقت برداشت (چنائی) کو یقینی بنائیں، نیز زیادہ حبس کے دوران پھپھوندی کے حملے سے محفوظ رکھنے کے لیے ہوادار ذخیرہ گاہوں کا انتخاب کریں۔

**مجموعی طور پر**، اگست سے اکتوبر کے دوران آبپاشی کی اعلیٰ کارکردگی، گرمی سے بچاؤ کے اقدامات اور کیڑوں کا بروقت تدارک بہت ضروری ہے، خاص طور پر پنجاب اور سندھ میں جہاں بارشوں کی شدید کمی ہے۔ ان مشکل موسمی حالات کے باوجود ملکی زرعی پیداوار کو برقرار رکھنے کے لیے فصلوں کی دیکھ بھال، پانی کے تحفظ اور مسلسل نگرانی کی اشد ضرورت ہے۔